© rasailojaraid.com



سرور بجنوری

# فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

عیاں ہے اس سے عظمت حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی
نبی کرتے تھی عزت حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی

رسول اللہ پر ایمان لانے کا تقاضا ہے
رہے دل میں محبت حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی

کئی بار ان کی باتیں بن گئیں آیاتِ قرآنی
مسلّم تھی فراست حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی

فلسطیں، مصر و روم و شام، ایران و یمن سب پر
رہی محکم حکومت حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی

اُجاگر کر رہی ہے اپنے جلووں سے زمانے کو
تعالی اللہ! سیرت حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی

سرؔور اس کے لیے پھر عاقبت کا غم نہیں کوئی
کرے جو دل سے مدحت حضرتِ فاروقِ اعظمؓ کی

☆☆☆

خالد شفیق

# مشعلِ راہِ وفا، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

ہادیٔ حق کی دُعا، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں
فخرِ محبوبِ خدا، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

آپ سے روشن ہوئے ہر سَمت الفت کے چراغ
مشعلِ راہِ وفا، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

آپ ہیں، دینِ محمد ﷺ کی روپہلی چاندنی
سایۂ لطف و عطا، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

آپ ہیں شمشیرِ دیں، تنویرِ دیں، توقیرِ دیں
دینِ حق کے رہنما، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

آج بھی جو گونجتی ہیں مسجدوں میں رات دن
ان اذانوں کی بنا، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

اپنے خاؔلد کو ہدایت کے اُجالے بخش دیں
سالکِ راہِ ہُدیٰ، فاروقِ اعظمؓ آپ ہیں

☆☆☆



© rasailojaraid.com